URDU

NOTIFICATION OF TESTING
Math Inventory and Reading Inventory

عزیز والد/ والدہ اور سرپرست:

ریاضی اور خواندگی میں طلباء کی مضبوطی اور ضروریات کا تعین کرنے کے لیئے، فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز گریڈ 7-12 کے سیکنڈری طلباء کے ساتھ، Math Inventory اور Reading Inventory کا استعمال کرتے ہیں۔ مڈل اسکول کے تمام طلباء اور ہائی اسکول کے منتخب طلباء ان اسسمنٹس میں شرکت کرتے ہیں۔

ان اسسمنٹس کا مقصد ایسے طلباء کی شناخت کرنا ہے، جو خواندگی اور ریاضی کی مہارتوں میں اضافی معاوست سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ، اسکول ٹیمز آپ کے بچے کی تعلیمی پلانگ کرتے وقت ان اسسمنٹس کے نتائج ذہن میں رکھیں گی۔ یہ اسسمنٹس تعلیمی سال کے آغاز میں کی جاتی ہیں۔ گریڈ لیول اور ابتدائی کارکردگی کی بنیاد پر، طلباء موسم سرما اور/ یا موسم بہار کے اندر جانچ میں دوبارہ شرکت کرسکتے ہیں۔

ان اسسمنٹس سے متعلق، اضافی معلومات درج ذیل ویب پیجز پر ملاحظہ کی جاسکتی ہیں:

- Math Inventory (https://www.hmhco.com/programs/math-inventory)
- Reading Inventory (https://www.hmhco.com/programs/reading-inventory)

اگر آپ ان اسسمنٹس کے بارے میں کوئی اور سوال پوچھنا چاہتے ہیں، تو براہ مہربانی اپنے بچے کے انگریزی یا ریاضی کے ٹیچر سے رابطہ کریں۔